قومی احتساب بیورو
(اسلام آباد)
****

Dated: 1st May, 2026

بدعنوانی کے خاتمے کے لیے پاکا(PACA)اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے درمیان تاریخی معاہدہ

ملک سے بدعنوانی کے خاتمے کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے، پاکستان اینٹی کرپشن اکیڈمی (PACA) اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ(ACE) بلوچستان کے درمیان آج ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) نذیر احمد کے وژن کی روشنی میں اس شراکت داری کا مقصد اداروں کی صلاحیتوں کو بڑھانے اور پیشہ ورانہ تربیت میں ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔

اس معاہدے پر ڈی جی پاکا جناب غلام صفدر شاہ اور ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان جناب نصیب اللہ کاکڑ نے دستخط کیے۔

یہ مفاہمتی یادداشت کئی اہم شعبوں میں تعاون کے لیے ایک باقاعدہ فریم ورک فراہم کرتی ہے جس میں بلوچستان کے اینٹی کرپشن افسران کے لیے خصوصی پیشہ ورانہ تربیت، مالیاتی جرائم کی تحقیقات کے بہترین طریقوں کا تبادلہ اور جدید فرانزک و تفتیشی آلات کا استعمال شامل ہے۔

دستخط کی تقریب کے بعد، ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان نے پاکا کی جدید سہولیات بشمول فرانزک سائنس لیبارٹری، ہائی ٹیک لیکچر رومز اور لائبریری کا دورہ کیا۔ انہوں نے اپنے محکمے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے جدید تفتیشی تکنیکوں اور قانونی حکمت عملیوں سے فائدہ اٹھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

اس موقع پر ڈی جی پاکا جناب غلام صفدر شاہ نے کہا کہ اکیڈمی مالیاتی جرائم کے نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تفتیش کاروں کی پیشہ ورانہ تربیت کے لیے پرعزم ہے۔

ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان جناب نصیب اللہ کاکڑ نے اکیڈمی کے تربیتی ماحول کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ مسلسل پیشہ ورانہ تربیت ہی بدعنوانی کے خاتمے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس تعاون سے بلوچستان کے افسران کی مہارتوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔ یہ شراکت داری ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی، جس سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جدید دور کے مطابق فرانزک اور قانونی مہارت حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔